نیوز ریلیز
سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

۹ مارچ ۲۰۱۲ء
برائے فوری اجراء
۲۰۱۲/۳۶

رابطہ: مارک اسٹرو
ترجمان
فون: ۰۳۰۸۵۵۵۰۵۹۱

امریکی سفارتخانہ کی جانب سے ریکارڈ کی درستگی کیلئے

اسلام آباد (۹ مارچ ۲۰۱۲ء) ___ اُردو زبان کے روزنامہ "خبریں" کی آج کی اشاعت میں ایک رپورٹ شائع ہوئی ہے جس میں حکومت امریکہ پر بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے ساتھ تعلقات کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ ہم اس دعویٰ کو مکمل طور پر غلط اور حقیقت کے برخلاف قرار دیتے ہوئے اس کی دوٹوک تردید کرتے ہیں۔

امریکہ کا پاکستان کے اندرونی معاملات اور پالیسی میں مداخلت کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ سفارتکاروں کا اپنی تعیناتی والے ملک کی سیاسی فضا کو بہتر طور پر سمجھنے کیلئے وہاں کے صوبائی رہنماؤں سے ملنا معمول کی بات ہے۔ تاہم یہ ملاقات محض فریقین کے درمیان مکالمے تک محدود ہوتی ہے اور اس کا مطلب کسی حمایت کا وعدہ کرنا نہیں ہوتا۔

ہم ریکارڈ کیلئے مذکورہ خبر کی فوری تصحیح شائع کرنے کی درخواست کرتے ہیں۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کے لئے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں: http://islamabad.usembassy.gov